# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 17

### متن

ہمارے گھر کے قریب ناصر پارک ہے۔ ناصر پارک بہت خوبصورت اور ہرا بھرا ہے۔ یہ بہت بڑا بھی ہے اور اس کی صفائی ستھرائی بھی بہت اچھے طریقے سے کی جاتی ہے۔ ناصر پارک میں بہت سے پودے اور پھول ہیں؛ چنبیلی کے سفید پھول، چائنا روز کے گلابی پھول، پٹونیا کے جامنی پھول اور بہت سے مختلف رنگوں، شکل اور سائز کے پودے۔ کچھ پودے چھوٹے ہیں اور کچھ بڑے۔ مالی بابا نئے پودے بھی لگاتے ہیں۔ باغ میں ایک فوارہ بھی ہے اور بہت سے جھولے بھی۔ ناصرپارک میں ایک چھوٹے سے حصے میں کچھ پنجرے ہیں جن میں خوبصورت پرندے، بندر، بطخیں، کچھوے اور خرگوش ہیں۔ بچے ان کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں اور ان سے باتیں کرتے ہیں۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

ہمارے گھر کے ــــــ ناصر پارک ہے۔ ناصر پارک بہت ــــــ اور ہرا بھرا ہے۔ یہ بہت بڑا بھی ہے اور اس کی ــــــ ستھرائی بھی بہت اچھے طریقے سے کی جاتی ہے۔ ناصر پارک میں بہت سے ــــــ اور پھول ہیں؛ چنبیلی کے ــــــ پھول، چائنا روز کے گلابی پھول، پٹونیا کے جامنی پھول اور بہت سے مختلف رنگوں، ــــــ اور سائز کے پودے۔ کچھ پودے چھوٹے ہیں اور کچھ بڑے۔ مالی بابا نئے پودے بھی ــــــ ہیں۔ باغ میں ایک فوارہ بھی ہے اور بہت سے ــــــ بھی۔ ناصرپارک میں ایک چھوٹے سے حصے میں کچھ پنجرے ہیں جن میں خوبصورت پرندے، ــــــ ، بطخیں، کچھوے اور خرگوش ہیں۔ بچے ان کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں اور ان سے ــــــ کرتے ہیں۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

۱۔ ہمارے ــــــ کے قریب ناصر پارک ہے۔

اسکول　　گھر　　علاقے

۲۔ ناصر پارک بہت ــــــ اور ہرا بھرا ہے۔

خوبصورت　　بڑا　　چھوٹا

۳۔ اس کی صفائی ستھرائی بھی بہت اچھے ـــــــ سے کی جاتی ہے۔

طور　　　　طریقے　　　　کام

۴۔ ناصر پارک میں بہت سے پودے اور ــــــــ ہیں۔

پھول　　　　بچے　　　　جھولے

۵۔ چنبیلی کے ــــــــ پھول، چائنا روز کے گلابی پھول۔

سفید　　　　بڑے　　　　پیارے

۶۔ ــــــــ پودے چھوٹے ہیں اور کچھ بڑے۔

تین　　　　اکثر　　　　کچھ

۷۔ ــــــــ بابا نئے پودے بھی لگاتے ہیں۔

خان　　　　میرے　　　　مالی

۸۔ باغ میں ایک ــــــــ بھی ہے اور بہت سے جھولے بھی۔

پنجرہ　　　　فوارہ　　　　حصہ

۹۔ کچھ پنجرے ہیں جن میں خوبصورت پرندے، بندر، بطخیں، کچھوے اور ــــــــ ہیں۔

خرگوش　　　　جانور　　　　چوزے

۱۰۔ بچے ان کو دیکھ کر بہت ــــــــ ہیں اور ان سے باتیں کرتے ہیں۔

روتے　　　　خوش ہوتے　　　　شور مچاتے

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ کے گھر کے قریب کوئی پارک یا باغ ہے؟ اس کا نام اور کچھ تفصیل ساتھیوں کو بتائیے۔

آپ کو اس پارک کی کون سی چیز سب سے زیادہ پسند ہے اور کیوں؟

****************************************